English
Urdu

# WHO IS GOD?
# WHO IS JESUS CHRIST?

## Answers for Parents, Kids and New Believers



خُدا کون ہے؟ یسوع مسیح کون ہے؟ والدین، بچوں اور نئے پیروکاروں کیلئے جوابات

Maria T. Nagel

**Who is God? Who is Jesus Christ? Answers for Parents, Kids and New Believers**
(Urdu)

All rights reserved. No portion of this book may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted in any form or by any means, except for brief quotations in printed reviews, without prior permission from the author. Requests for information should be addressed to the author:

blessed-books@outlook.com
www.iBless.it

Text and Illustrations by Maria T. Nagel
Book conception, design and creation by Maria T. Nagel
Self-published through Blurb,Inc. 2020

Editing by ChristianEditingServices.com.

English Scripture quotations, unless otherwise indicated, are taken from the English Standard Version (ESV) The Holy Bible, English Standard Version. ESV® Text Edition: 2016. Copyright © 2001 by Crossway Bibles, a publishing ministry of Good News Publishers.

Scripture quotations marked “NIV” are taken from the New International Version (NIV) Holy Bible, New International Version®, NIV® Copyright ©1973, 1978, 1984, 2011 by Biblica, Inc.® Used by permission. All rights reserved worldwide.

Scripture quotations marked (NKJV) are taken from the New King James Version®. Copyright © 1982 by Thomas Nelson. Used by permission. All rights reserved.

Scripture quotations marked “NLT” are taken from the New Living Translation (NLT) Holy Bible, New Living Translation, copyright © 1996, 2004, 2015 by Tyndale House Foundation. Used by permission of Tyndale House Publishers, Inc., Carol Stream, Illinois 60188. All rights reserved.

Urdu translation by Hatim Ali.
Urdu scripture quotation taken from:
https://mojzat.org/
https://www.wordproject.org/ :

**DISCLAIMER**

The featured images are artistic expressions of the illustrator and therefore not intended to be used as religious objects of worship or veneration.

**اعلان**


شائع شدہ تصاویر مصور کا فنکارانہ اظہار ہیں اور انہیں عبادت یا پرستش کے لئے استعمال ہونے والی مذہبی شبیہ کے طور پر شائع نہیں کیا گیا۔

## THE TRINITY

Our God, the Creator of heaven and earth is three divine persons in one.
How is that possible, you might ask and who exactly are the three persons?

They are:

**God the Father**
**God the Son - Jesus Christ**
**God the Holy Spirit**




To explain it further, let's take a triangle for example.
The triangle shown here is a shape made of three equal sides.
One shape. Three equal sides.

It is similar with God.
One God. Three divine persons.
Our God is three in one.

## BIBLE VERSES

May the grace of the Lord Jesus Christ, and the love of God, and the fellowship of the Holy Spirit be with you all. (2 Corinthians 13:14) NIV

Therefore go and make disciples of all nations, baptizing them in the name of the Father and of the Son and of the Holy Spirit. (Matthew 28:19) NIV



## تثلیث

ہمارا خُدا، جنت اور زمین کا خالق ایک شخصیت میں تین مقدس شخصیات کا اجتماع ہے۔
شاید آپ پوچھیں کہ یہ کیسے ممکن ہے اور یہ تین شخصیات درحقیقت ہیں کون؟

**یہ ہیں:**

خدا باپ
خدا بیٹا – یسوع مسیح
خدا روح القدس

اس کی مزید وضاحت کرنے کیلئے، آئیے ایک مثلث کو مثال کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔
یہاں دکھائی گئی مثلث تین برابر اطراف پر مشتمل ایک شکل ہے۔
ایک شکل۔ تین برابر اطراف۔

خدا کے ساتھ بالکل یہی یکساں معاملہ ہے۔
ایک خدا۔ تین مقدس شخصیات۔
ہمارا خدا ایک میں تین ہے۔

## انجیل مقدس کی آیات:

خُداوند یِسُوع مسیح کا فضل اور خُدا کی محبت اور رُوحُ القدُس کی شِراکت تُم سب کے ساتھ ہوتی رہے۔ (2 کرنتھیوں 13:14)

پَس تُم جا کر سب قوموں کو شاگِرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بَیٹے اور رُوحُ القُدس کے نام سے بپتِسمہ دو۔ (متّی 28:19)

## GOD THE CREATOR OF HEAVEN AND EARTH

God who created you and everything we see and don’t see, loves you very much and has a great plan for your life.

### BIBLE VERSES

Anyone who does not love does not know God, because God is love. (1 John 4:8) ESV

For I know the plans I have for you, says the LORD. They are plans for good and not for disaster, to give you a future and a hope. (Jeremiah 29:11) ESV

# I LOVE YOU



## جنت اور زمین کا خالق خدا

وہ خدا جس نے تمہیں تخلیق کیا ہے اور ہر اس چیز کو جسے تم دیکھتے ہو اور نہیں دیکھتے ہو، وہ تمہیں بہت پیار کرتا ہے اور اس کے پاس تمہاری زندگی کیلئے ایک بہت شاندار منصوبہ ہے۔

## انجیل مقدس کی آیات:

جو محبّت نہِیں رکھتا وہ خُدا کو نہِیں جانتا کِیُونکہ خُدا محبّت ہے۔ (1 یوحنا 4:8)

کیونکہ میں تمہارے حق میں اپنے خیالات کوجانتا ہوں خداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات ۔بُرائی کے نہیں تاکہ میں تم کو نیک انجام کی اُمید بخشوں۔ (یرمیاہ 29:11)

## JESUS CHRIST

God sent His Son Jesus Christ to save us, teach us, heal us and show us how to also become sons and daughters of God .

## BIBLE VERSES

For God loved the world so much that he gave his one and only Son, so that everyone who believes in him will not perish but have eternal life. (John 3:16) NLT

# PEACE



## یسوع مسیح

خدا نے اپنے بیٹے یسوع مسیح کو ہمیں نجات دینے ، ہمیں سکھلانے ، ہمیں شفا عطا کرنے اور ہمیں یہ دکھلانے کیلئے بھیجا کہ کس طرح ہم بھی خدا کے بیٹے اور بیٹیاں بن سکتے ہیں۔

## انجیل مقدس کی آیات:

کِیُونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی محبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اکلَوتا بَیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔(یوحنا 3:16)

## THE HOLY SPIRIT

The Holy Spirit is a person like Jesus Christ.
The Holy Spirit is the third person of the Trinity.
When you accept to follow Jesus Christ, the Holy Spirit comes to live in you.

♥ He is a gentle teacher who teaches you right from wrong.

♥ He is a great friend who always says the truth.

♥ He is a loving comforter who helps you get better when you are sad.

♥ He passionately prays for you.


## BIBLE VERSES

Do you not know that your bodies are temples of the Holy Spirit, who is in you, whom you have received from God? (1 Corinthians 6:19) NIV

But the Comforter, which is the Holy Ghost, whom the Father will send in my name, he shall teach you all things, and bring all things to your remembrance, whatsoever I have said unto you. (John 14:26) KJV

I will ask the Father, and He will give you another Helper, that He may be with you forever; the Spirit of truth. (John 14:16-17) NASB

In the same way, the Spirit helps us in our weakness. We do not know what we ought to pray for, but the Spirit himself intercedes for us through wordless groans. And he who searches our hearts knows the mind of the Spirit, because the Spirit intercedes for God's people in accordance with the will of God. (Romans 8:26-27) NIV



## روح القدس

روح القدس یسوع مسیح کی طرح ایک شخصیت ہے۔
روح القدس تثلیث کی تیسری شخصیت ہے۔
جب آپ یسوع مسیح کی پیروکاری کو قبول کر لیتے ہیں، تو
روح القدس آپ میں رہنے کیلئے آ جاتی ہے۔

وہ ایک مشفق استاد ہے جو آپ کو بدی سے نیکی الگ کر
کے دکھلاتی ہے۔
وہ ایک شاندار دوست ہے جو ہمیشہ سچ کہتی ہے۔
وہ تسلی دینے والا اور پیار کرنے والی ایک شخصیت ہے جو
آپ کو بہتر کرنے کیلئے مدد کرتی ہے جب آپ غمگین ہوتے
ہیں۔
وہ بہت شدت سے آپ کیلئے دعا کرتی ہے۔

## انجیل مقدس کی آیات:

کیا تُم نہیں جانتے کہ تُمھارا بَدَن رُوحُ القدُس کا مَقدِس ہے جو تُم میں بسا ہُؤا ہے اور تُم کو خُدا کی طرف سے ملِا ہے؟ اَور تُم اپنے نہیں۔(1 کرنتھیوں 6:19)

لیکِن مددگار یعنی رُوحُ القُدس جِسے باپ میرے نام سے بھیجے گا وُہی تُمھیں سب باتیں سِکھائے گا اور جو کُچھ مَیں نے تُم سے کہا ہے وہ سَب تُمھیں یاد دِلائے گا۔ (یوحنا 14:26)

اور مَیں باپ سے دَرخواست کرُوں گا تو وہ تُمھیں دُوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تُمھارے ساتھ رہے۔ یعنی رُوحِ حق جِسے دُنیا حاصل نہیں کرسکتی کیُونکہ نہ اُسے دیکھتی اور نہ جانتی ہے۔ تُم اُسے جانتے ہو کِیُونکہ وہ تُمھارے ساتھ رہتا ہےَ اور تُمھارے اَندر ہوگا۔(یوحنا 14: 17-16)


اس طرح رُوح بھی ہماری کمزوری میں مدد کرتا ہے کِیُونکہ جس طَور سے ہم کو دُعا کرنا چاہِئے ہم نہیں جانتے مَگر رُوح خُود اَیسی آ ہیں بھر بھر کر ہماری شفاعت کرتا ہےَ جن کا بیان نہیں ہو سکتا۔ اور دِلوں کو پرکھنے والا جانتا ہے کہ رُوح کی کیا نیّت ہے کیونکہ وہَ خُدا کی مرضیَ کے مُوافِق مُقدّسوں کی شفاعَت کرتا ہے۔
(رومیوں 8: 27-26)

## THE BIBLE

The powerful words in the Bible are God’s words. They teach us how to live a life that pleases God. The Bible also tells of true stories of men, women and children who lived before us. Each one of these stories was written in the Bible so we can learn from them.

## BIBLE VERSES

All Scripture is inspired by God and is useful to teach us what is true and to make us realize what is wrong in our lives. It corrects us when we are wrong and teaches us to do what is right.
(2 Timothy 3:16) NLT




## انجیل مقدس

انجیل مقدس میں موجود طاقتور الفاظ خدا کے الفاظ ہیں۔ یہ ہمیں سکھاتے ہیں کہ کس طرح ایسی زندگی گزاری جائے جس سے خدا خوش ہوتا ہے۔ انجیل مقدس ہمیں ان آدمیوں، عورتوں اور بچوں کی سچی کہانیاں بھی بتاتی ہے جو ہم سے پہلے رہے ہیں۔ یہ سب کہانیاں انجیل مقدس میں لکھی ہوئی ہیں تا کہ ہم ان سے سیکھ سکیں۔

## انجیل مقدس کی آیات:

ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے الہام سے ہے تعلیم اور الزام اور اِصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لِئے فائدہ مند بھی ہے۔ (2 تیمتھیس 3:16)

## YOU ARE PRECIOUS TO GOD

God’s eyes are always on you, because you are very precious to Him. God even knew you before you were born.

## BIBLE VERSES

O Lord, you have examined my heart
and know everything about me.
You know when I sit down or stand up.
You know my thoughts even when I’m far away.
You see me when I travel
and when I rest at home.
You know everything I do.
You know what I am going to say
even before I say it, Lord.
You go before me and follow me.
You place your hand of blessing on my head.
(Psalm 139:1-5) NLT

I knew you before I formed you in your mother's womb. Before you were born I set you apart and appointed you as my prophet to the nations.
(Jeremiah 1:5) NLT



## تم خدا کو بہت قیمتی ہو

**خدا کی آنکھیں ہمیشہ سے تم پر نگران ہیں، کیونکہ تم اس کے نزدیک بہت قیمتی ہو۔ خدا تمہیں تمہارے پیدا ہونے سے بھی پہلے سے جانتا تھا۔**

### انجیل مقدس کی آیات:

اَے خُداوند ! تُو نے مجھے جانچ لیا اور پہچان لیا۔
تُو میرا اُٹھنا بیٹھنا جانتا ہے۔ تُو میرے خیال کو دور سے سمجھ لیتا ہے۔
تُو میرے راستہ کی اور میری خوابگاہ کی چھان بین کرتا ہے۔ اور میری سب روشوں سے واقف ہے۔
دیکھ! میری زُبان پر کوئی ایسی بات نہیں جِسے تُو اَے خُداوند! پُورے طور پر نہ جانتا ہو۔

اس سے پیشتر کہ میں نے تجھے بطن میں خلق کیا۔ میں تجھے جانتا تھا اور تیری ولادت سے پَہلے میں نے تجھے مخصوص کیا اور قوموں کے لئے تجھے نبی ٹھہرایا۔ (یرمیاہ 1 :5)


## JESUS WANTS TO BE YOUR FRIEND

Jesus loves you and wants to be your friend. By learning and doing what Jesus teaches in the Bible, we can live a life that pleases God and helps others in many different ways.

## BIBLE VERSES

Jesus told him, "I am the way, the truth, and the life. No one can come to the Father except through me.” (John 14:6) NLT

## YOU ARE LOVED



## یسوع ہمارا دوست بننا چاہتا ہے

یسوع تمہیں پیار کرتا ہے اور تمہارا دوست بننا چاہتا ہے۔ جو کچھ انجیل مقدس میں یسوع سکھاتا ہے، اسے سیکھنے اور اس پر عمل کرنے سے ہم ایک ایسی زندگی گزار سکتے ہیں جو خدا کو خوش کرتی ہے اور بہت سے مختلف طریقوں سے دوسروں کی مدد کرتی ہے۔

### انجیل مقدس کی آیات:

یِسُوع نے اُس سے کہا کہ راہ اور حق اور زِندگی مَیں ہُوں کوئی میرے وسِیلہ کے بغَیر باپ کے پاس نہِیں آتا۔ (یوحنا 14: 6)

## LET YOUR LIGHT SHINE

God placed a light in your heart. Let it shine.

God who loves you so much placed a light in your heart. This light is there to help you and others to live a life that pleases God. Let your light shine and be an example for others.

## BIBLE VERSES

Let your light shine before others, so that they may see your good works and give glory to your Father who is in heaven. (Matthew 5:16) ESV

## YOU CAN  DO IT



## اپنی روشنی کو چمکنے دو

خدا نے تمہارے دل میں ایک روشنی رکھ دی ہے۔ اسے چمکنے دو۔

خدا جو تمہیں بہت پیار کرتا ہے ، اس نے تمہارے دل میں ایک روشنی رکھ چھوڑی ہے۔ یہ روشنی تمہاری اور دوسروں کی مدد کیلئے ہے تا کہ تم ایک ایسی زندگی گزار سکو جو خدا کو خوش کرتی ہے۔ اپنی روشنی کو چمکنے دو اور دوسروں کیلئے ایک مثال بن جاؤ۔

**انجیل مقدس کی آیات:**

اسی طرح تُمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے چمکے تاکہ وہ تُمہارے نیک کاموں کو دیکھ کر تُمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے تمجِید کریں۔ (متّی 5: 16)

## GOD LOVES MUSIC

Our God is a happy God.
His heart is full of joy and laughter.

Sing to God. Play your instrument for God.
He loves when you praise Him. He created music.
You don’t have to sing perfectly. You don’t even
have to play an instrument perfectly. If you do,
that’s great, but if you don’t, don’t worry.

Dance for God like King David did. You can dance with
or without music. And if you can’t dance,
it doesn’t matter because it’s not a competition,
but a love offering to God.

## BIBLE VERSES

Let them praise his name with dancing
and make music to him. (Psalm 149:3) NIV

Oh, sing to the Lord a new song!
Sing to the Lord, all the earth.
Sing to the Lord, bless His name.
(Psalm 96:1–2) ESV



## خدا موسیقی کو پسند کرتا ہے

ہمارا خدا ایک خوش خدا ہے۔ اس کا دل خوشی اور ہنسی سے بھرا ہوا ہے۔

خدا کو گیت سناؤ۔ اپنے سازوں کو خدا کیلئے بجاؤ۔جب تم اس کی تعریف کرتے ہو تو وہ اسے بہت پسند کرتا ہے۔ اسی نے موسیقی تخلیق کی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ تم بہت عمدگی سے گاؤ۔ تمہیں کوئی ساز بھی بہت عمدگی سے بجانے کی ضرورت نہیں۔ اگر تم بجا سکو تو یہ شاندار بات ہے لیکن اگر نہ بجا سکو تو پریشان ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں۔

خدا کیلئے رقص کرو جیسا داؤد بادشاہ نے کیا تھا۔ تم موسیقی کے ساتھ یا اس کے بغیر بھی رقص کر سکتے ہو۔ اور اگر تم رقص نہ کر پاؤ تو کوئی بات نہیں کیونکہ یہ ایک مقابلہ نہیں ہے ، بلکہ خدا کیلئے پیار
کا ایک اظہار ہے۔

### انجیل مقدس کی آیات:

وہ ناچتے ہُوئے اُس کے نام کی ستایش کریں۔
وہ دَف اور سِتار پر اُس کی مدحَ سرائی کریں۔ (زبور149: 3)

خُداوند کے حضُور نیا گِیت گاؤ۔
اَے سب اہل زمین! خُداوند کے حضُور گاؤ۔
خُداوند کےَ حضَور گاؤ ۔ اُس کے نام کو مُبارک کہو۔
روزبروز اُس کی نجات کی بشارت دو۔ (زبور 96: 2-1)

## GOD HAS GIVEN YOU ANGELS

You are very important and precious to God
that's why He has given you angels
to watch over you and protect you.

## BIBLE VERSE

He will order his angels to protect you
wherever you go. (Psalm 91:11) NLT

# YOU ARE
# PROTECTED



## خدا نے تمہیں فرشتے عطا کیے ہیں

تم خدا کے نزدیک بہت قیمتی اور اہمیت کے حامل ہو اسی لئے اس نے تمہیں فرشتے عطا کیے ہیں تا کہ وہ تمہاری نگرانی کریں اور تمہاری حفاظت کریں۔

## انجیل مقدس کی آیات:

کیونکہ وہ تیری بابت اپنے فِرشتوں کو حُکم دے گا کہ تیری سب راہوں میں تیری حِفاظت کریں۔ (زبور91: 11)

## GOD PROTECTS, HEALS AND COMFORTS

If you are sad, God will comfort you. If you are ill,
God will heal you. If you are afraid, God will give you strength.
If you are in danger, God will protect you.
And if you have problems, God will help you.

## BIBLE VERSES

**Don’t worry**


Let not your hearts be troubled. Believe in God.
(John 14:1) ESV

**Don’t be afraid**

Fear not, for I am with you;
be not dismayed, for I am your God;
I will strengthen you, I will help you,
I will uphold you with my righteous right hand.
(Isaiah 41:10) ESV

**God is your healer**

He heals the brokenhearted
and binds up their wounds.
(Psalm 147:3) NIV



## خدا حفاظت کرتا ہے، شفا عطا کرتا ہے اور تسکین دیتا ہے

اگر تم غمزدہ ہو، تو خدا تمہیں تسکین دے گا۔ اگر تم بیمار ہو، تو تمہیں شفا عطا کرے گا۔ اگر تم خوفزدہ ہو، تو خدا تمہیں مضبوطی عطا کرے گا۔ اگر تم خطرے میں ہو، تو خدا تمہاری حفاظت کرے گا۔ اور اگر تمہیں مسائل کا سامنا ہے تو خدا تمہاری مدد کرے گا۔

## انجیل مقدس کی آیات:

**پریشان مت ہو۔**
تُمہارا دل نہ گھبرائے۔ تُم خُدا پر اِیمان رکھتے ہو مُجھ پر بھی اِیمان رکھّو۔ (یوحنا 14: 1)

**خوفزدہ مت ہو۔**
تو مت ڈر کیونکہ میں تیرے ساتھ ہوں۔
ہراساں نہ ہو کیونکہ میں تیرا خدا ہوں میں تجھے زوربخشوں گا۔
میں یقیناً تیری مدد کرونگا
اور میں اپنی صداقت کے داہنے ہاتھ سے تجھے سنبھالوں گا۔ (ایسعیاہ 41: 10 )

**خدا تمہارا شفا عطا کرنے والا ہے۔**
وہ شکستہ دلوں کو شفا دیتا ہے
اور اُن کے زَخم باندھتَا ہے۔ (زبور 147: 3)

This bilingual book is a must-have to introduce children and new Believers to Christianity. In a simple and captivating way, the readers will receive answers to questions such as: Who is God? Who is Jesus Christ? Who is the Holy Spirit? Readers will love the heartwarming illustrations and appreciate the scriptures provided to support the sound Bible teachings on every page.

Parents, churches, Christian institutions and Christian organizations hoping to help children and new Believers grow in their faith, will find this bilingual book, essential for their library.

دو زبانوں پر مشتمل یہ کتاب بچوں اور مسیحیت کے نئے پیروکاروں کیلئے ایک لازمہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایک سادہ اور دل موہ لینے والے انداز میں، قارئین سوالات کے جوابات حاصل کریں گے جیسا کہ: خُدا کون ہے؟ یسوع مسیح کون ہے؟ روح القدس کون ہے؟قارئین دل کو گرما دینے والی تصاویر کو پسند کریں گے اور ان صحائف کو سراہیں گے جنہیں انجیل مقدس کی مضبوط تعلیمات کی حمایت کی خاطر ہر صفحے پر فراہم کیا گیا ہے۔

والدین، گرجا گھر، مسیحی ادارے اور مسیحی تنظیمیں جو بچوں اور نئے پیروکاروں کو ان کے ایمان میں آگے بڑھانے کی امید کر رہے ہیں، وہ اس کتاب کو اپنی لائبریری کیلئے ایک لازمہ پائیں گے۔